© rasailojaraid.com

## حضرت مولانا شہاب الدین مدنی کا سانحہ ارتحال

مورخہ 25 نومبر بروز بدھ حضرت مولانا شہاب الدین مدنی امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث آزاد کشمیر حرکت قلب بند ہونے سے داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. آپ حضرت مولانا محمد یونس اثریؒ کے بڑے فرزندار جمند تھے۔ آپ کی امارات میں مرکزی جمعیت اہل حدیث آزاد کشمیر میں بڑی متحرک اور فعال کردار ادا کرتی رہی۔ اللہ سے دعا ہے کہ ان کی لغزشیں معاف فرما کر جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

## مؤرخ اہل حدیث مولانا محمد اسحاق بھٹی کا انتقال پُر ملال

مورخ اہل حدیث ومصنف کتب کثیرہ مولانا محمد اسحاق بھٹی 90 سال کی عمر میں طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مولانا مرحوم کو اللہ نے بہت سی خوبیوں سے نوازا تھا، آپ میں حافظہ کی خوبی بدرجہ اتم موجود تھی گویا کہ قوت حافظہ، وسعت نظر، معتدل فکر، علمی وسعت، تاریخ پر گہری نظر اور حالات وظروف کی معرفت میں یگانہ روزگار تھے۔ علمی اور صحافتی دُنیا میں ان کا نام عزت وتکریم کا نشان تھا۔ قرون اولیٰ کے محدثین کے حافظہ کی تصدیق کیلئے عصر حاضر میں چند اہل علم موجود ہیں جن کا حافظہ قوی ہے اس فہرست میں برصغیر کے نامور اہل قلم مولانا محمد اسحاق بھٹی مرحوم بھی شامل ہیں جنہوں نے ایک ہزار کے لگ بھگ مذہبی وسیاسی شخصیات کے خاکے تحریر کیے۔ تاریخ وسوانح پر ان کی چالیس کتب منظر عام پر آچکی ہیں۔

اللہ تعالیٰ مرحوم کی اس دینی کاوش کو شرف قبولیت سے نواز کر اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

لاہور میں مرحوم کی نماز جنازہ ناصر باغ میں پروفیسر محمد حماد لکھوی نے پڑھائی جبکہ دوسری نماز جنازہ منصور پور جڑانوالہ میں ادا کی گئی جہاں پر امامت کا فریضہ شیخ الحدیث حضرت مولانا حافظ مسعود عالم نے سرانجام دیا۔

## محمد عمران وابوسفیان کے والد محترم اور محمد شفیق (زین موبائل) کے چچا جان محمد سعید ولد مہدی خان کا انتقال پُر ملال

مورخہ 18 نومبر بروز بدھ محمد عمران وابوسفیان کے والد محترم اور محمد شفیق (زین موبائل) کے چچا جان محمد سعید ولد مہدی خان وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم انجمن اہل حدیث کے مخلص کارکن ہونے کے ساتھ ساتھ مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث کے مستقل نمازی، انتہائی بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی جس میں جماعتی احباب نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔



© rasailojaraid.com